## سوال

(63) دیوانی بالغ لڑکی کی نمازِجنازہ کا حکم

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ہمارے گاؤں میں ایک دیوانی لڑکی فوت ہوگئی۔ یہ لڑکی بالغ تھی لیکن جنازہ پڑھانے والے مولوی صاحب نے کہا کہ اس کی نمازِجنازہ نابالغ بچوں کی طرح ادا کریں کیونکہ یہ دیوانی ہے اوراس کی مثال بچوں کی طرح ہے۔ قرآن وسنت کی روشنی میں اس کی وضاحت کردیں۔ (محمد ظہور۔ بالاگڑھی۔ مردان) (یکم اکتوبر۱۹۹۹ء)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ظاہر ہے کہ دیوانہ بالغ کے جنازہ میں بالغ عاقل جیسی دعاؤں کو پڑھا جائے۔ کیونکہ یہ بالغ ہے۔ اگرچہ عاقل نہیں، اسے نابالغ بچوں کے ساتھ ملحق کرنے کی کوئی معقول وجہ نظر نہیں آتی۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

## جلد:3،کتاب الجنائز:صفحہ:122

محدث فتویٰ